عبدالمتین، مطیع الرسول، حبیب کبریا اور منیب کبریا کی والدہ اور مولانا عبدالمالک مجاہد کی خوشدامن تھیں۔

بہت صالحہ، پابند صوم وصلوۃ تھیں۔ بہت مہربان اور مشفق تھیں۔ آپ کی تمام اولاد دین سے وابستہ اور اسکی دعوت وتبلیغ میں مصروف ہے۔ خود عرصہ دراز سے مدرسہ مراۃ القرآن کی نگران تھیں۔ اور طالبات کی دیکھ بھال اور ان کی ضروریات کا خیال رکھتی تھیں۔ ان کی رحلت سے جہاں ان کا خاندان متاثر ہوا۔ وہاں ہم بھی ان کی مخلصانہ دعاؤں سے محروم ہوئے ہیں۔

جب کبھی ملاقات ہوتی دعاؤں کے ساتھ سرپر دست شفقت رکھتیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔ بشری لغزشوں کو معاف کرے۔ جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔ ہم تمام لواحقین خصوصاً ان کے صاحبزدگان اور بیٹیوں سے اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ صبر جمیل سے نوازے۔ ان کی نماز جنازہ شیخ الحدیث حافظ مسعود عالم نے پڑھائی۔ جس میں لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

مولانا محمد یونس عاجز (وفاق المدارس السلفیہ والے) کو صدمہ

تمام احباب کو یہ جان کر دلی دکھ اور افسوس ہوگا کہ مولانا محمد یونس عاجز (وفاق المدارس والے) کی ہمشیرہ محترمہ مختصر علالت کے بعد نشتر ہسپتال ملتان میں رحلت فرما گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ بہت صالحہ اور صوم وصلوۃ کی پابند تھیں۔ اور پسماندگان میں تین بچے چھوڑے ہیں۔ ان کی نماز جنازہ جہانیاں میں ادا کی گئی۔ جس میں جامعہ سلفیہ کا ایک وفد شیخ الحدیث مولانا حافظ عبدالعزیز علوی کی قیادت میں شریک ہوا۔ اس کے علاوہ دارالحدیث محمدیہ عام خاص باغ ملتان کے اساتذہ نے بھی مولانا عبدالحی عابد کی قیادت میں شرکت کی۔

دعا ہے اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ اور لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔ (آمین)

☆......☆......☆......☆